NYC Public Schools

PS+YOU

From Chancellor David C. Banks

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

اپنے علم کا مظاہرہ کرنے کا موقع

نیو یارک کے عزیز مکین،

اس موسمِ بہار میں، گریڈز 8-3 کے طلبا انگریزی زبان فنون اور ریاضی میں نیویارک ریاست امتحانات لیں گے۔ پانچویں اور آٹھویں گریڈ کے طلبا بھی اپنے ریاست کے سائنس کے امتحانات لیں گے۔ ہم سب جانتے ہیں کہ "امتحانات کا زمانہ" ہمارے طلباء، عملے اور خاندانوں کے لیے وسیع نوعیت کے جذبات لاتا ہے۔ یہ ایک پریشان کُن وقت ہوسکتا ہے!

لیکن اس امتحان کے بارے میں سوچنے کا ایک اور طریقہ بھی ہے— ہمارے بچوں کے لیے اپنے علم کا مظاہرہ کرنے کا موقع۔ دن بہ دن وہ اپنی تعلیم کے لیے سخت محنت سے کام کرتے رہے ہیں۔ انھوں نے ڈی کوڈنگ کی مشق کی ہے اور این وائی سی ریڈز کے ذریعے صوتیاتی آگاہی حاصل کی ہے۔ انھوں نے ریاضی کی کلاس میں مسائل حل کرنے کی صلاحیتیں تعمیر کی ہیں اور سائنس کی کلاس میں تجربے کیے ہیں۔ وہ معاشرتی علوم میں حقیقی دنیا کے امور سے نمتے ہیں۔ وہ تیار ہیں! پچھلے سال، ہمارے نتائج نے [پُرامید پیش رفت] کا مظاہرہ کیا ہے، اور میں اس رجحان کو 2024 میں دیکھنے کے لیے پُرجوش ہوں۔

خاندان اور عملہ، آپ اس موسمِ بہار میں ہمارے طلبا کی کس طرح اعانت کرسکتے ہیں؟ ذیل میں چند مشورے ہیں:

- **انہیں کامیابی کے لیے تیار کریں۔** یقینی بنائیں کہ طلبا امتحان سے پہلے رات کو اچھی نیند لیں اور ناشتا کریں، چاہے گھر پر یا اسکول میں۔ اس پر زور دیں کہ یہ انکے لیے اپنے جوہر دکھانے کا وقت ہے۔ انکی امتحانات سے

پہلے کافی زیادہ حوصلہ افزائی کریں —انکے ڈیسک پر پوسٹ اِٹ نوٹ ، یقین دلانے والا ہائی فائیو! یا ایک مختصر ترغیبی گفتگو (پیپ ٹالک) خاصی مددگار ہوسکتی ہے۔

- **انہیں یاددہانی کرائیں کہ ان امتحانات کا کیا مقصد ہے اور انکا کیا مقصد نہیں ہے۔** یہ امتحانات ہمارے اسکولوں کو طلبا کی پیش رفت کے بارے میں اہم معلومات فراہم کرتے ہیں اور یہ کہ ہم انکی کس طرح اعانت کرسکتے ہیں، لیکن یہ ایک واحد پیمانہ نہیں ہیں۔ گریڈز، کلاس کا کام، تحریر کے نمونے، اور دیگر تفویضات بھی اتنی ہی اہم ہیں۔

- **پانچویں اور آٹھویں گریڈ کے طلبا کو کمپیوٹر پر امتحان کے لیے تیار کریں۔** کمپیوٹر پر امتحان کی یہ تبدیلی ریاست کی جانب سے ایک تقاضہ ہے، آن لائن ٹسٹنگ میں تین سالہ منتقلی کے پہلے مرحلے کے بطور۔ اسکول دیگر گریڈز کے لیے آن لائن امتحانات دینے کا انتخاب بھی کرسکتے ہیں۔ کسی بھی طور، ہمارے طلبا تیار ہیں؛ تمام حصہ لینے والے گریڈز اور اسکولوں نے جنوری میں ریاست پیما مصنوئی تیاری کے حصے کے طور پر مشقی امتحانات منعقد کیے تھے۔ طلبا اگر چاہیں تو اپنے طور پر بھی تیاری کرسکتے ہیں۔

اس سال کے امتحانات کے بارے میں معلومات کے لیے، ہماری طلبا کی حصہ لینے کی رہنمائی اور ریاست کے والدین کے لیے وسائل ملاحظہ کریں۔ اور یاد رکھیں، یہ امتحانات ایک اسکور سے زیادہ اہمیت رکھتے ہیں۔ یہ طلبا کے لیے اپنے علم کا مظاہرہ کرنے کا موقع ہے اور ہمارے لیے بطور بالغان عمل کرنے کا، یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہم اپنے بچوں کی روشن آغاز اور تابناک مستقبل کی جانب رہنمائی کررہے ہیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو:

ترجموں کے لیے، برائے مہربانی ہمارے YouTube صفحے پر جائیں۔

NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں پر میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

ترجمہ شدہ تحریر (سب ٹائٹلز) تک رسائی کے لیے: "CC" کے آئیکان پر کلک کریں۔ "Settings" آئیکان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC" منتخب کریں۔ "Auto Translate" منتخب کریں اور اپنی زبان منتخب کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔